22243 ـ ان شاءاللہ کہنے میں تاخیرکرنا

سوال

اگر ان شاءاللہ کہنا بھول جائے تو کیا اس کے لیے جائز ہے کہ وہ طویل وقت کے بعد کہہ لے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

شیخ شنقیطی رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

اللہ تعالی کا فرمان : واذکرربک اذانسیت جب آپ بھول جائیں تواپنے رب کویادکریں ۔ الکھف (24) ۔

اس آیت میں علماء تفسیر کے دوقول معروف ہیں :

اول :

یہ آیت اپنے سے پہلی والی آیت سے متعلق ہے ، اورمعنی یہ ہے : اگر آپ نے کوئ کام کرنے کا کہا لیکن ان شاء اللہ کہنا بھول گئے پھر آپ کویاد آیا توآپ اس وقت ان شاء اللہ کہہ لیں ، یعنی آپ کوئ بھی کام کرنے کا کہیں تواسے اللہ تعالی کی مشیئت کے ساتھ معلق کرنے کے لیے ان شاءاللہ کہنابھول جائیں توجب یاد آئے کہ لیں ۔

یہی قول ظاہرہے اس لیے کہ اللہ تعالی کا اس سے پہلے والافرمان اسی پر دلالت کررہا ہے :

ولاتقولن لشئ انی فاعل ذالک غدا الا ان یشاء اللہ اور کسی چیز کے بارہ میں ہرگز ہرگز یہ کہنا کہ میں یہ کام کل کروں گا، مگر ساتھ ہی ان شاء اللہ کہہ لینا ۔

جمہور علماء کا قول بھی یہی ہے ، اس قول کے قائلین میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہ اور حسن بصری اور ابوالعالیۃ رحمہما اللہ تعالی وغیرہ ہیں ۔ .